# چائلڈ انفارمیشن شیئرنگ
# Child Information Sharing

Urdu | اردو

## آپ میری معلومات کیوں شیئر کرنا چاہتے ہیں؟

### وکٹوریہ میں بچوں کی دیکھ بھال

وکٹوریہ کے تمام بچوں کو محفوظ اور خوشگوار زندگی گزارنے میں مدد دینے کے لیے وکٹورین حکومت بچوں کے ساتھ کام کرنے والے مخصوص پیشہ ور افراد کی جانب سے معلومات شیئر کرنے کے طریقے کو بہتر بنا رہی ہے۔

بہت سی خدمات پہلے سے ہی معلومات شیئر کرتی ہیں۔ بچوں کی معلومات شیئر کرنے کی اسکیم یا چائلڈ انفارمیشن شیئرنگ اسکیم (Child Information Sharing Scheme [CISS]) بچوں کے ساتھ کام کرنے والے پیشہ ور افراد کے لیے بچوں کی مکمل معلومات کے حصول کو آسان بناتی ہے، جس سے ان پیشہ ور افراد کو یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ وہ کیا شئیر کر سکتے ہیں، اور کسی گھرانے کی رازداری کا تحفظ کیسے کیا جائے۔

## اس سے گھرانوں کو کیسے مدد ملتی ہے؟

بہت سے بچوں کو زندگی میں کسی مرحلے پر معاونت کی ضرورت پیش آئے گی۔ بچوں کی پیدائش سے لے کر 18 سال کی عمر تک، چائلڈ انفارمیشن شیئرنگ ریفارمز بچوں اور ان کے گھرانوں کو پیشہ ور افراد اور تنظیموں سے بہتر تعاون حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

## اس سے پیشہ ور افراد کو کیسے مدد ملتی ہے؟

چائلڈ انفارمیشن شیئرنگ بچوں کی معاونت اور ان کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد (جیسے اساتذہ اور نرسیں) کو ایک دوسرے کے ساتھ ایک بچے کی معلومات شیئر کرنے کے قابل بناتی ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ اس بارے میں رہنما خطوط بھی فراہم کرتی ہے کہ کونسی معلومات شیئر کی جائیں، اور گھرانوں کی رازداری کی حفاظت کیسے کی جائے۔

## مثال:



تاج نے حال ہی میں اسکول تبدیل کیا ہے۔ اس کی نئی ٹیچر، سارہ، نے محسوس کیا ہے کہ وہ کلاس میں بولنے سے گریزاں ہے اور اسے اپنے اسکول کا کام مکمل کرنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ تاج کے سابقہ اسکول سے معلومات کی درخواست کرنے پر سارہ کو معلوم ہوتا ہے کہ اسے ہے، جس کی وجہ سے وہ کلاس میں شرکت کرنے سے ہچکچاتا ہے۔

**یہ ان معلومات کی ایک مثال ہے جسے چائلڈ انفارمیشن شیئرنگ کے ذریعے شیئر کیا جا سکتا ہے، کیونکہ یہ معلومات تاج کی ٹیچر کو اسباق کی ایسی منصوبہ بندی کرنے میں مدد دیتی ہیں جو تاج کی سیکھنے کی ضروریات کے لحاظ سے موزوں ہے۔**

# یہ معلومات آپ کس کے ساتھ شیئر کر رہے ہیں؟
# یہ معلومات کیسے استعمال کی جائیں گی؟

## شیئر کی جانے والی معلومات کی قسم

کوئی بھی ایسی معلومات شیئر کی جا سکتی ہیں جو بچوں کی فلاح و بہبود یا حفاظت کی تائید کرتی ہوں۔ ان میں بچے کو ملنے والی پیشہ ورانہ مدد کے متعلق معلومات ، یا گھرانے کے تعلقات کے بارے میں معلومات شامل ہو سکتی ہیں۔

**معلومات کس مقصد کے لیے استعمال کی جاتی ہیں**

**یہ یقینی بنانا کہ آپ کو اپنی کہانی دوسری مرتبہ سنانے کی ضرورت پیش نہ آئے**

**ایسے موزوں لوگوں کو شامل کرنا جو مدد کر سکتے ہیں**

**مکمل معلومات سے روشناس ہونا**

**بچوں کو پھلنے پھولنے میں مدد دینا**

## معلومات تک کون رسائی حاصل کر سکتا ہے اور انہیں شیئر کر سکتا ہے؟

کچھ مخصوص لوگوں کو ہی معلومات شیئر کرنے کا اختیار حاصل ہے - ہر کوئی ایسا نہیں کر سکتا۔ یہ ایسے پیشہ ور افراد ہیں جن پر بچوں کی دیکھ بھال اور حفاظت کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے، جیسے اساتذہ، ڈاکٹر، سماجی کارکن اور مشیر، نرسیں اور پولیس۔

## مثال:

Lisa ایک اسکول نرس ہے جو Alice اور اس کی پانچ سالہ بیٹی، Jasmine، کے ساتھ کام کر رہی ہے. جیسمین کو دل کی معمولی بیماری ہے۔ Jasmine کا پرائمری اسکول شروع ہونے والا ہے، لہذا Lisa Alice سے بات کرتی ہے اور پرائمری اسکول کی نرس کے ساتھ Jasmine کی حالت کے بارے میں معلومات شیئر کرنے کے حوالے سے اس کے خیالات معلوم کرتی ہے، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اسکول Jasmine کی ضروریات سے آگاہ ہے۔ معلومات شیئر کرنے سے پہلے Lisa Alice کے نقطۂ نظر سے واقف ہے۔

**یہ اس بات کی ایک مثال ہے کہ کوئی پیشہ ور کب معلومات شیئر کرنے کا انتخاب کرسکتا ہے، اور وہ معلومات کس کے ساتھ شیئر کر سکتا ہے۔**



# معلومات کب شیئر کی جا سکتی ہیں؟

## معلومات درج ذیل صورتوں کے علاوہ شیئر نہیں کی جا سکتیں:

**1** **معلومات کو بچے (یا بچوں کے گروہ) کی فلاح وبہبود یا حفاظت میں بہتری کے لیے استعمال کیا جائے گا۔**

**2** **معلومات شیئر کرنے سے خدمات فراہم کرنے، منصوبہ بندی کرنے یا بچوں کو درپیش خطرات کی چھان بین یا ان کا نظم وانتظام کرنے میں مدد ملے گی۔**

**3** **معلومات شیئر کرنے سے کوئی خطرے کی زد میں نہیں آئے گا، ایسا کرنا ضوابط کے تحت قانونی طور پر ممنوع یا پھر مستثنی نہیں ہے۔**

معلومات شیئر کرنے سے پہلے جن شرائط کو پورا کرنا ضروری ہے ان شرائط کی مکمل فہرست دیکھنے کے لیے www.infosharing.vic.gov.au پر جائیں

## معلومات کو نجی اور محفوظ رکھنا

بچوں کی حفاظت کا ایک پہلو اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ان کی معلومات کو بھی محفوظ رکھا جائے۔ چائلڈ انفارمیشن شیئرنگ پرائیویسی کے موجودہ قوانین کی تائید کرتے ہوئے پیشہ ور افراد کو بتاتی ہے کہ وہ ان قوانین کے تحت کب معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں۔ خفیہ معلومات کو بلا ضرورت شیئر کرنا ایک جرم ہے۔ اس کے علاوہ، تمام انفرادی تنظیموں کے لیے ضروری ہے کہ وہ معلومات کو بحفاظت ذخیرہ کریں۔ عملے کے مجاز ارکان کو تربیت فراہم کی جاتی ہے، تاکہ وہ اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ رہیں۔

## معلومات کیسے شیئر کی جاتی ہیں؟

قانونی طور پر مجاز تنظیمیں اور پیشہ ور افراد معلومات طلب کر سکتے ہیں یا انہیں شیئر کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔

## مثال:

Andy ایک سماجی معاون کارکن ہے جسے ایک ہائی اسکول کے داخلہ افسر کی جانب سے Lee کی معلومات شیئر کرنے کی درخواست موصول ہوتی ہے۔ Andy نے اس وقت Lee کے گھرانے کی مدد کی تھی جب وہ ایک مختصر عرصے کے لیے بے گھر ہوئے تھے۔ Lee اور اس کے گھرانے سے مشورہ کرنے کے بعد، Andy نے ان کی رہائش کی صورتحال کے بارے میں معلومات شیئر نہیں کیں، کیونکہ اسے شبہ ہے کہ ان معلومات کو Lee کو اسکول میں داخلہ نہ دینے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

**یہ ایک ایسی مثال ہے جہاں پیشہ ور افراد معلومات شیئر نہیں کر سکتے ہیں - داخلہ افسر ایک مجاز پیشہ ور شخص نہیں ہے، اور معلومات کو Lee یا اس کے گھرانے کی فلاح و بہبود یا حفاظت کے لیے استعمال نہیں کیا جا رہا۔**

# شکایات

## اگر آپ کو تشویش ہے کہ معلومات کو اس طریقے سے شیئر کیا گیا ہے جس کی اجازت نہیں ہے، تو آپ کو رائے دینے اور شکایت کرنے کا حق حاصل ہے۔



**شکایت کرنے کے پہلے اقدام کے طور پر، اس تنظیم سے بات کریں جس نے معلومات شیئر کی ہیں۔ تمام تنظیموں کے لیے ضروری ہے کہ ان کے پاس شکایات سے نبٹنے کے لیے طریقۂ کار موجود ہو۔**

## اگر آپ معاملے کے حل کے حوالے سے مطمئن نہیں ہیں، تو یہاں شکایت کی جا سکتی ہے:

**اگر شکایت ذاتی معلومات کے حوالے سے ہے تو The Office of the Victorian Information Commissioner**

ویب سائٹ: ovic.vic.gov.au / ٹیلی فون: 1300 666 444

**اگر شکایت صحت سے متعلقہ معلومات کے حوالے سے ہے تو The Health Complaints Commissioner**

ویب سائٹ: hcc.vic.gov.au / ٹیلی فون: 1300 582 113

## اگر آپ چائلڈ انفارمیشن شیئرنگ سکیم کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں تو آپ:

**ہمیں کال کر سکتے ہیں:** 1800 549 646

**ہمیں لکھ سکتے ہیں:** CISandFVIS@education.vic.gov.au

**ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں:** vic.gov.au/child-information-sharing-scheme

VICTORIA State Government

CHILD INFORMATION SHARING SCHEME